## متحدہ قومی موومنٹ کے بزرگ رہنما اورتحریک پاکستان کے کارکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، یوکے یونٹ کے کارکنوں اور ہمدردنوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے شرکت

لندن۔۔۔31جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بزرگ رہنما اورتحریک پاکستان کے کارکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی کی گئی اورتحریک کے بزرگ رہنما کوخراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی کے اس اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق، سینئرڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمدانور، سیدطارق میر، اشفاق احمد، جاوید کاظمی، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیزآبادی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ریحانہ نسرین، ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر سلیم دانش، ایم کیوایم یوکے کے مختلف یونٹوں کے کارکنوں، شعبہ خواتین کی ارکان اور ہمدردنوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے شرکت کی۔حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کے علاوہ آیت کریمہ کاوردبھی کیا گیا۔بعدازاں مرحوم رہنما کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ بزرگ رہنماحسن مثنیٰ علوی مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی درازی عمراوران کی سلامتی کیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآبادزون کی 13رکنی نئی زونل کمیٹی تشکیل دیدی۔محمد شریف حیدرآباد کے زونل انچارج مقرر صابرقریشی اورمحمد فاروق جوائنٹ زونل انچارج، ڈاکٹر طاہرخانزادہ فنانس سیکریٹری، خالدحسین نشرواشاعت سیکریٹری اورڈاکٹرافضال آفس سیکریٹری ہوں گے

حیدرآباد۔۔۔31، جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآبادزون کی13رکنی نئی زونل کمیٹی تشکیل دیدی ہے اورمحمد شریف کوایم کیوایم حیدرآباد کانیازونل انچارج مقررکیا گیا ہے۔تنظیم نوکا اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم نے گزشتہ روزحیدرآباد کے پکا قلعہ گراؤنڈ میں کارکنوں کے ایک بڑے اجلاس میں کیا۔رابطہ کمیٹی کے اعلان کے تحت صابرقریشی اورمحمد فاروق جوائنٹ زونل انچارج ہوں گے جبکہ ڈاکٹر طاہرخانزادہ فنانس سیکریٹری، خالدحسین نشرواشاعت سیکریٹری اورڈاکٹرافضال آفس سیکریٹری ہوں گے۔اسکے علاوہ راشد خلجی، صلاح الدین، رئیس حیدر، توحید، رسول بخش میمن، مبین شیخ اورفیروزخانزادہ زونل کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔

## الطاف حسین کےقتل کی سازش کرنے والے ہرگزنہیں بچ سکیں گے، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔31، جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے لندن میں پیشہ ورقاتلوں کے ذریعے قائدتحریک جناب الطاف حسین کےقتل کی گھناؤنی سازش کے انکشاف اوران کی رہائشگاہ کے باہرمشکوک افراد کی نقل وحرکت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین پاکستان سمیت دنیا بھرمیں مقیم حق پرست عوام کے ہردلعزیز قائد ہیں اوران کےقتل کی سازش ملک بھرکےعوام کے خلاف سازش ہے۔جناب الطاف حسین ملک بھرکے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوجینے کاشعوردیکرایک پلیٹ فارم پرمتحد کیا ہے یہی وجہ ہے کہ آج پاکستان کی تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں سےتعلق رکھنے والےعوام ایم کیوایم کے پرچم تلےمتحد ہیں۔انہوں نے کہا کہ سازشی عناصرکوغریب ومتوسط طبقہ کےعوام کا یہ اتحاد ایک آنکھ نہیں بھارہاہےاوروہ جناب الطاف حسین کواپنے راستے سے ہٹانے کی سازش کررہے ہیں۔کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ جوعناصرقائدتحریک جناب الطاف حسین کوگزندپہنچانے کی سازش کررہے ہیں وہ یادرکھیں کہ اگر جناب الطاف حسین کی سلامتی پرزرہ برابربھی آنچ آئی توسازشی عناصرہرگزنہیں بچ سکیں گے۔انہوں نے حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ پاکستان کےغریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے جذبات کااحترام کرےاورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی حفاظت کیلئےخصوصی اقدامات بروئے کارلائے۔

## الطاف حسین غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کی آخری امید ہیں اسی لئے بعض قوتیں انکی جان کے در پے ہیں۔انورعالم
## الطاف حسین کی جدوجہد خودکوصدر یاوزیراعظم بنانے کیلئےنہیں بلکہ ملک پرغریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے ہے
## پکاقلعہ گراؤنڈ حیدرآباد میں ایم کیوایم حیدرآبادزون کے کارکنوں کے بڑے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔31، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم نے کہاہے قائدتحریک الطاف حسین ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کی آخری امید ہیں اسی لئے بعض قوتیں انہیں راستے سے ہٹادیناچاہتی ہیں اور جوعناصر بھی ان کی جان کے در پے ہیں وہ الطاف حسین کے نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے دشمن ہیں۔انہوں نے یہ بات حیدرآباد کے پکاقلعہ گراؤنڈ میں ایم کیوایم حیدرآبادزون کے کارکنوں کے ایک بڑے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں ایم کیوایم حیدرآبادزون کی تنظیم نوکااعلان کیاگیا۔اجلاس میں حیدرآباد،لطیف آباداور حیدرآبادزون کے دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں، ذمہ داروں خواتین کارکنوں اور حیدرآباد کے حق پرست نمائندوں نے شرکت کی۔اجلاس سے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک نے بھی خطاب کیا۔انور عالم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین ملک کے وہ واحد رہنماہیں جوجاگیردارنہیں بلکہ ایک مڈل کلاس گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اور ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جوجاگیرداروں اوروڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور جس میں کوئی جاگیردار شامل نہیں۔انورعالم نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی سیاست میں پہلی مرتبہ غریب اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افرادکوسینیٹ،قومی ،صوبائی اسمبلی اسمبلیوں اور بلدیات کے ایوانوں میں بھیجا ۔انورعالم نے کہا کہ ملک کی دیگر تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اوراسٹیبلشمنٹ کے بعض عناصر ایم کیوایم کے اسی لئے خلاف ہیں کہ ایم کیوایم پورے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ جاگیردارانہ نظام ختم کردیناچاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کی جدوجہداپنی ذات کیلئے اور خودکوصدر یاوزیراعظم بنانے کیلئے نہیں بلکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور ملک پر غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے ہے۔اسی لئے استحصالی قوتیں اورانکے ایجنٹ سیاسی ومذہبی رہنما اور نام نہادقلمکاراوردانشور قائدتحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم دشمن قوتیں چاہتے کتنی ہی سازشیں کرلیں ہم اپنی جدوجہد سے دستبردارنہیں ہوں گے اور تمام ترسازشی ہتھکنڈوں اور پروپیگنڈوں کے باوجوداپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔انورعالم نے ایم کیوایم حیدرآباد کی نئی زونل کمیٹی کے ارکان پرزوردیا کہ وہ تنظیم کومزید مضبوط بنانے پر بھرپور توجہ دیں اور اپنی تنظیمی ذمہ داریاں نیک نیتی اور فرض شناسی سے انجام دیں۔

## عوام وکارکنان خورشیداحمدخان کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔30 جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم نارتھ ناظم آبادسیکٹر یونٹ 134/A کے کارکن خورشیداحمدخان ولد شوکت احمدخان کے زخمی ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ خورشیداحمدخان کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹریونٹ 82 کے کارکن جاوید کے والدمستان شاہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کااظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔

## الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کے رہنماء ہیں

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے الطاف حسین کے قتل کی سازش پر شدید ردعمل

کراچی۔۔۔31، جولائی 2007ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش کے انکشاف اوران کی رہائشگاہ کے باہر مشکوک افراد کی سرگرمیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوراس حوالے سے اپنے شدید غم وغصے کا اظہار کیا ہے۔اس حوالے سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے فیکس، ٹیلی فون اور ای میل پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔ان پیغامات میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کو متعارف کرا کر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کی ہے یہی وجہ ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ اوران کے ایجنٹ ایک بار پھر جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ذرا برابر بھی نقصان پہنچانے کی سازش کی گئی تو سازشی عناصر کو کہیں جائے پناہ نہیں ملے گی اورانہیں عوامی غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔اپنے پیغامات میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کے کارکن نے جان پر کھیل کر ڈاکو کو پکڑ لیا

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد کے کارکن خورشید احمد شدید زخمی ہوگئے

## فائرنگ کے نتیجے میں کارکن کے زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی اظہار مذمت

کراچی۔۔۔30، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بفرزون کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 134/A کے کارکن اور UC,10 کی مصالحتی کمیٹی کے چیرمین خورشید احمد خان کے زخمی ہونے کے واقع پر شدید مذمت کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہاس کارروائی میں ملوث دیگر دہشت گردوں کو فی ولفور گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خورشید احمد جنرل کونسلر راشد خانزادہ کے ہمراہ بفرزون سے اپنی گاڑی میں کسی کام سے جارہے تھے کہ راستے میں دوافراد راہ گیروں سے موبائل فون چھین رہے تھے کہ انہوں نے اپنی گاڑی سے ان دونوں ڈاکوؤں کو ٹکر مار کر گرادیا جس پر دونوں ڈاکو فائرنگ کرتے ہوئے بفرزون کی گلیوں میں فرار ہونے لگے اسی اثناء راشد خانزادہ نے ایک ڈاکو کو پکڑ لیا جبکہ فائرنگ سے خورشید احمد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر مقامی اسپتال داخل کردیا گیا جہاں ان کی حالت تشویش ناک بتائی جاتی ہے۔جبکہ پکڑے جانے والے ڈاکو کو پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں بڑھتی ہوئی دہشت گردیوں کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزادی جائے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ نے مقامی اسپتال جاکر خورشید احمد خان کی عیادت کی اوران کے لواحقین سے خیرت دریافت کی وہ کچھ دیر اسپتال میں موجود رہے اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرمیڈیل اسٹاف کو خصوصی ہدایت دی کہ وہ خورشد احمد کی دیکھ بھال اور علاج ومعالج کے سلسل میں کوئی کثر نہ اٹھا رکھیں۔

☆☆☆☆☆